علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمینٹری ٹیچر ایجوکیشن

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پیڈاگاجی۔ٹیچنگ آف ہوم اکنامکس(6496) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایڈ(5۔2/04سالہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:50**

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1: ہوم اکنامکس کے تاریخی ارتقا کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ مختلف ادوار میں اس مضمون کے مقاصد اور ترجیحات کس طرح تبدیل ہوتی رہیں نیز موجودہ سماجی، معاشی اور تعلیمی تناظر میں اس کے دائرۂ کار کا تنقیدی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2: ایک ایسے معاشرے کا تصور کریں جہاں گھریلو مہارتوں، غذائی شعور اور وسائل کے مؤثر استعمال پر مناسب توجہ نہیں دی جاتی۔ اس صورتحال کے تناظر میں ہوم اکنامکس کے معاشرتی اور معاشی کردار کا تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ یہ مضمون انفرادی اور اجتماعی سطح پر بہتری پیدا کرنے میں کس طرح معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ (20)

سوال نمبر3: فرض کریں کہ ایک پاکستانی اسکول میں ہوم اکنامکس کی تدریس مطلوبہ نتائج نہیں دے رہی۔ اس تناظر میں انتظامی، تدریسی اور وسائل سے متعلق رکاوٹوں کا تجزیہ کریں اور ایسے قابلِ عمل اقدامات تجویز کریں جو اس مضمون کی مؤثر تدریس اور فروغ میں مددگار ہوں۔ (20)

سوال نمبر4: مڈل سطح کے ہوم اکنامکس نصاب کا جائزہ لیتے ہوئے وضاحت کریں کہ گھریلو رہن سہن سے متعلق موضوعات طلبہ کی عملی زندگی سے کس حد تک مطابقت رکھتے ہیں۔ موجودہ سماجی اور تعلیمی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نصاب میں بہتری کے لیے تجاویز پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر5: غذائی گروہوں اور غذائی اجزاء کی تدریس کے دوران اساتذہ کو پیش آنے والے تدریسی اور عملی مسائل کا تجزیہ کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ تدریسی حکمتِ عملیوں، عملی سرگرمیوں اور تعلیمی وسائل کے ذریعے اس موضوع کو زیادہ مؤثر اور بامقصد کیسے بنایا جا سکتا ہے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ 5تا9)

سوال نمبر1: کروشیئے کی مختلف اقسام کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ اس کے ساتھ کروشیئے کے ایک بنیادی ڈیزائن کی تیاری کا مرحلہ وار طریقۂ کار بیان کریں اور وضاحت کریں کہ ڈیزائن سازی میں ترتیب، پیمائش اور نمونے کی کیا اہمیت ہے۔ (20)

سوال نمبر2: سلائی میں استعمال ہونے والے ہاتھ اور مشین کے آلات کی اہمیت واضح کریں۔ مزید یہ تجزیہ کریں کہ مختلف اقسام کے آلات کا درست انتخاب اور مؤثر استعمال سلائی کے معیار اور رفتار پر کس طرح اثرانداز ہوتا ہے۔ (20)

سوال نمبر3: کپڑے کے کھلونے اور گڑیا سازی کو بچوں کی تخلیقی اور تعلیمی سرگرمی کے طور پر پیش کرتے ہوئے درکار بنیادی اشیاء کی وضاحت کریں۔ مزید بیان کریں کہ ان کھلونوں کی تیاری کے مراحل میں حفاظت، صفائی اور خوبصورتی کے اصولوں کو کس طرح ملحوظ رکھا جا سکتا ہے۔ (20)

سوال نمبر4: گھریلو تیمارداری اور ابتدائی طبی امداد کی اہمیت کو روزمرہ زندگی کے تناظر میں بیان کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ ہنگامی صورتحال میں بروقت ابتدائی طبی امداد فرد، خاندان اور معاشرے کے لیے کیوں ضروری ہے۔ (20)

سوال نمبر5: کنبے (خاندان) کے تصور کی وضاحت کرتے ہوئے تجزیہ کریں کہ گھریلو ماحول بچے کی سماجی روابط، اخلاقی تربیت اور شخصیت سازی پر کس طرح اثرانداز ہوتا ہے۔ اپنی بحث میں خاندانی رویّوں اور تربیتی عوامل کو شامل کریں۔ (20)